ازکی نام رکھنا کیسا؟

مجیب: ابوحفص مولانا محمد عرفان عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-1943

تاریخ اجراء: 11صفر المظفر1445ھ/29اگست2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

ازکی نام رکھنا کیسا ہے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

ازکی کا معنی "سب سے زیادہ نیک، پاک صاف ہونا" ہے۔

شرعی حکم: معنی کے اعتبار سے یہ تزکیہ اور خودستائی پر مشتمل نام ہے، لہذا یہ نام نہ رکھا جائے، بلکہ اس کی جگہ بچے کا نام انبیاء کرام علیہم السلام، صحابہ کرام و تابعین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے نام پر رکھیں، اس کی برکت سے بچے / بچی کی زندگی میں ان ہستیوں کی برکت شامل ہونے کی بھی امید ہے اور اس میں بھی بچے کا اصل نام "محمد" رکھیں اور پکارنے کے لیے انبیاء کرام علیہم السلام، صحابہ کرام علیہم الرضوان یا بزرگانِ دین میں سے کسی کے نام پر رکھا جائے، اس طرح "محمد" نام کی برکات بھی ملیں گی اور اس نام کی وجہ سے دنیا و آخرت میں انعامات و اکرامات بھی ملیں گے۔

ردالمحتار میں ہے: "ویؤخذ۔۔من قولہ ولا بما فیہ تزکیۃ المنع عن نحو محیي الدین و شمس الدین مع ما فیہ من الکذب "ترجمہ: مصنف کے قول "اور وہ نام نہ رکھا جائے، جس میں خودستائی ہو" سے یہ اخذ کیا جائے گا کہ ممانعت مثل محی الدین و شمس الدین نام رکھنے میں ہے اور ساتھ ہی اس میں جھوٹ بھی ہے۔(ردالمحتار، کتاب الکراھیۃ، فصل فی البیع، جلد6، صفحہ418، مطبوعہ بیروت)

صدرالشریعہ مفتی امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "ایسے نام جن میں تزکیہ نفس اور خودستائی نکلتی ہے، ان کو بھی حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے بدل ڈالا برہ کا نام زینب رکھا اور فرمایا کہ "اپنے نفس کا تزکیہ نہ کرو۔" شمس الدین، زین الدین، محی الدین، فخر الدین، نصیر الدین، سراج الدین، نظام الدین، قطب الدین وغیرہا اسما جن

کے اندر خودستائی اور بڑی زبردست تعریف پائی جاتی ہے نہیں رکھنے چاہیے۔(بہارشریعت، جلد3، حصہ16، صفحہ604، مکتبۃالمدینہ، کراچی)

نوٹ: ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کتاب "**نام رکھنے کے احکام**" کا مطالعہ کیجئے اور درج ذیل لنک سے یہ کتاب ڈاؤن لوڈ بھی کی جاسکتی ہے۔

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/naam-rakhnay-kay-ahkam#

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net